رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵۲۔

یہ اخبار ہفتہ وار ہر جمعہ کے دن امرتسر سے شائع ہوتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۳۶ — نمبر ۳۹

# اہلحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترکت فیکم امرین کتاب اللہ وسنتی

اخبار امرتسر

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفےٰ برجاں مسلم داشتن

مدیر مسئول ابوالوفا ثناء اللہ

دفتر اہلحدیث امرتسر

تاریخ اجرا ۲۲ شعبان ۱۳۲۱ھ — ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء

## اغراض و مقاصد

(۱) دین اسلام اور سنت نبوی علیہ السلام کی اشاعت کرنا۔
(۲) مسلمانوں کی عموماً اور جماعت اہلحدیث کی خصوصاً دینی و دنیوی خدمات کرنا۔
(۳) گورنمنٹ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی نگہداشت کرنا۔

## قواعد و ضوابط

(۱) قیمت بہرحال پیشگی آنی چاہئے۔
(۲) جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہئے۔
(۳) مضامین مرسلہ بشرط پسند مفت درج ہونگے۔
(۴) جس مراسلہ سے نوٹ لیا جائیگا۔ وہ ہرگز واپس نہ ہوگا۔
(۵) بیرنگ ڈاک اور خطوط واپس ہونگے۔

## شرح قیمت اخبار

والیان ریاست سے سالانہ عہ
رؤسا و جاگیرداروں سے ۔ ۔
عام خریداران سے ۔
۔ ۔ ششماہی ۔
ممالک غیر سے سالانہ ۱۰ شلنگ
فی پرچہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲ر

## اجرت اشتہارات کا فیصلہ

بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے

جملہ خط و کتابت و ارسال زر بنام مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ (مولوی فاضل) مالک اخبار "اہلحدیث" امرتسر ہونی چاہئے۔

امرتسر ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۹ء یوم جمعۃ المبارک (۵۵۱)

## فہرست مضامین

نظم (خطاب بہ مسلم) ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱
انتخاب الاخبار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ص۲
خاکساری تحریک اور اس کا بانی ۔ ۔ ۔ ۔ ص۳
مسیحیت اور عقل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ص۵
مسیح قادیان اور ملعون شیطان ۔ ۔ ص۷
کشف العارفین بجواب فیوض العارفین ۔ ص۸
گنہگار کی نوکری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ص۹
احکام درود شریف ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۰
معمول ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۱
تماشے ہوتے ہوئے پھر سے سوال ذکر ۔ ص۱۲
فتاوے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۳
اعتراضات ص۱۴ نکل ملتی ۔ ۔ ۔ ص۱۵
اشتہارات ۔ ۔ ۔ ۔ ص۱۶–۲۰

## خطاب بہ مسلم

(از مولوی محمد داؤد صاحب راز شکراوہ ضلع گوڑگانوہ)

آبادیٔ جہاں تھا عالم میں کام تیرا
دنیا کو یاد اب تک ہے انتظام تیرا

جھکتے تھے تیرے آگے ہاں قیصرانِ دوراں
لاریب وہ چکا ہے عالم غلام تیرا

عرب و عجم میں تیرا لہرا چکا ہے پرچم
مانا ہے اک جہاں نے اعلیٰ مقام تیرا

ہسپانیہ میں کی ہے صدہا برس حکومت
از ہند تا مراکش پھیلا نظام تیرا

تو نے لگائے ہر سُو پودے ترقیوں کے
یورپ و ایشیا میں ہے فیض عام تیرا

پیدا کیا ہے تو نے یہ انقلاب عالم
مظلوم کی حمایت کرنا ہے کام تیرا

افسانۂ کہن ہے اب داستان تیری
تیری وہ شان و شوکت وہ احترام تیرا

تیری وہ خوبیاں سب ناپید ہو چکی ہیں
جن سے کہ تھا جہاں میں مشہور نام تیرا

چرخ کہن نے تجھ سے اب کی ہے بے وفائی
برباد ہو رہا ہے سارا نظام تیرا

ایام ماضیہ کی تاریخ لوٹ آئے
گر پیکر عمل ہو ہر خاص و عام تیرا

تفسیر ثنائی ... مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب کی نئی تصنیف ...

# انتخاب الاخبار

(ہفتہ ۲۲ جولائی ۱۹۴۰ء)

——— امرتسر میں دو ہفتے سے بارش نہیں ہوئی۔ البتہ مرطوب ہوا چلتے رہنے سے گرمی کچھ کم ہے۔ ناظرین بارش کے لئے دعا کریں ——— امرتسر شہر کے مسلم ضمنی انتخاب میں شیخ محمد صادق پنجاب اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے تھے مگر فریق مخالف کی طرف سے ان کے خلاف عذرداری دائر کی گئی جس کا فیصلہ یہ ہوا کہ شیخ صاحب چھ سال تک اسمبلی کی ممبری کے لئے نہ امیدوار کھڑے ہو سکتے ہیں نہ ووٹ دے سکتے ہیں۔ اب انتخاب دوبارہ ہوگا۔ مشہور ہو رہا ہے کہ چوہدری افضل حق احرار کی طرف سے اور شیخ صادق حسن مسلم لیگ کی طرف سے کھڑے ہونگے

——— امرتسر چند ماہ ہوئے امرتسر شہر میں ایک احراری کارکن قلعہ بھنگیاں میں قتل کیا گیا تھا اس سلسلہ میں محمد صادق کو بری، اسکے بھائی محمد رفیق کو عمر قید اور ایک دوسرے بھائی کو چھ ماہ قید کی سزا ہوئی

——— لاہور مولانا ظفر علی خاں نے اتحاد ملت کے ایک جلسہ میں فرمایا کہ ۳۱ جولائی تک اگر آریوں نے حیدرآباد کے خلاف ستیہ گرہ بند نہ کی تو ان کے مقابل زبردست قدم اٹھایا جائیگا۔

——— گاندھی جی نے کشمیر جانے کا ارادہ ترک کر دیا ہے۔ ایبٹ آباد میں الوداعی تقریر کے موقع پر آپ نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے اپیل کی۔

——— ریاست حیدرآباد میں ۱۹ جولائی سے نئی اصلاحات کے نفاذ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ آریوں نے فی الحال ایک ہفتہ کے لئے ستیہ گرہ بند کی ہے۔ مگر وہ اس اعلان سے مکمل طور پر مطمئن نہیں ہوئے۔

——— کراچی مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی حال ہی میں یورپ سے آئے ہیں آپ نے کراچی میں دوران تقریر میں کہا کہ یورپ کے حالات بہت کشیدہ ہو رہے ہیں۔ اب جنگ کا اعلان چند ہفتوں تک ہونے والا ہے۔

——— معلوم ہوا ہے آئندہ پنجاب اسمبلی کا اجلاس ماہ اکتوبر کے آخیر یا شروع نومبر میں لاہور منعقد ہوگا جو تقریباً چھ ماہ تک مسلسل جاری رہیگا۔ اجلاس کی طوالت کے پیش نظر ممبروں کا الاؤنس کچھ کم کر دیا جائیگا

——— حکومت ترکیہ نے دفاع جنگ کے لئے زنانہ ترکی کور بنائی ہے جسے جنگی درسگاہوں میں تعلیم دیجائیگی


# دفتر اہلحدیث کی دو نئی مطبوعات

(۱) "تفسیر بالرائے"

(بزبان فصیح) اس کتاب کی تصنیف کی بہت ضرورت تھی۔ کیونکہ اردو میں کئی ایک تفسیریں شائع ہوئی ہیں جن میں بہت سے مقامات قابل اصلاح ہیں۔ مثلاً "بیان للناس" امرتسری۔ "بیان القرآن" لاہوری چکڑالوی مرزائی، شیعہ، ترجمہ قرآن بریلوی وغیرہ۔ ان سب تفسیروں اور تراجم کی اہم اغلاط ظاہر کر کے اصلاح کی گئی ہے۔ قابل دید و شنید ہے۔ مولانا صاحب کی یہ بالکل نئی تصنیف ہے۔ قیمت صرف ۱۰/

(۲) مکالمہ احمدیہ

جس میں قادیانی اور لاہوری مرزائی جماعتوں کے وہ مضامین درج ہیں جو ہر دو فریق اپنے اپنے اخباروں (پیغام صلح و الفضل) میں بابت مناظرہ نبوت مرزا شائع کرتے رہے۔ کتاب قابل دید ہے۔ قیمت ۵/

پتہ:- دفتر اہلحدیث امرتسر

سب سے پہلے

اخبار ہذا کے صفحہ ۸ پر

حساب دوستاں

ملاحظہ فرمائیے۔


——— بھوانی ضلع حصار میں کسی ہندو کو جوتشی نے کہا کہ اگر تم ایک چھوٹے بچے کو قربان کر دو تو تمہیں دولت ملیگی چنانچہ اس نے کسی ڈاکٹر کے تین سالہ لڑکے کو اغوا کر کے گھر لے جا کر قتل کر دیا سراغ ملنے پر پولیس نے گرفتار کر لیا

**اردو اکادمی** اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی نے ذیل کے ہر مضمون پر پہلے ایک سو روپے انعام دینا تجویز کیا تھا مگر اب اسے بڑھا کر ڈھائی سو کر دیا گیا ہے۔ جن صاحب کا مقالہ سب سے بہتر ہوگا انہیں مذکورہ بالا انعام دیا جائیگا۔ اکادمی کا فیصلہ ناطق ہوگا۔ اس کے علاوہ اکادمی منتخب مقالہ جات کے حقوق و اشاعت اپنے ذمہ رکھیگی۔ مقالہ میں تقریباً پچاس ہزار الفاظ ہونے چاہئیں اور تمام مقالے سیکرٹری اردو اکادمی کے پاس ۳۰ ستمبر تک پہنچ جانا چاہئیں۔ جو صاحب اس مقالہ نویسی میں شرکت پسند کریں وہ پہلے اپنے مضمون کے انتخاب سے سکرٹری کو مطلع کر دیں۔

۱۔ اشتراکیت۔ ۲۔ فاسزم۔ ۳۔ نازی ازم۔ ۴۔ سامراج ۵۔ وطنیت۔ ۶۔ سرمایہ داری۔ ۷۔ بحیرہ روم کی سیاست ۸۔ بحرالکاہل کی سیاست۔ ۹۔ امریکہ اور سیاست عالم ۱۰۔ وسطی یورپ کی سیاست۔ ۱۱۔ نوآبادیوں کی تقسیم۔ ۱۲۔ ممالک اسلامی کی سیاست۔

(سکرٹری اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی)

**جمعیۃ تبلیغ اہل حدیث** جولائی ۱۹۳۵ء میں جمعیۃ ہذا کی بنیاد ایک مسلم بزرگ (مولانا سیالکوٹی) کے ہاتھوں سے رکھی گئی بحمد اللہ اراکین جمعیۃ نے حتی الوسع دینی خدمات انجام دینے میں کمی نہیں کی۔ تبلیغی خدمات بذریعہ تقاریر بھی کیں اور تحریر کے ذریعہ بھی تبلیغ کی گئی۔

رسالہ تبلیغ کے ۱۳ نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ دس نمبر مستقل تبلیغ کے نام پر شائع کئے گئے مگر بعض وجوہات کی بنا پر تین نمبروں کے عوض بحکم صدر صاحب رسالہ عیدین شائع کیا گیا کیونکہ اصل مقصود تبلیغ ہے اور بس۔ اس اثناء میں جماعت اہل حدیث نے کس قدر اعانت کی اخبار اہلحدیث کی فائل اس کی گواہ ہے کہ کس قدر چندہ آیا اور وہ کہاں تک کافی ہو سکتا ہے۔ بدیں حالات افراد اہل حدیث کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ اس خالص مذہبی تحریک کی ہر طرح سے امداد کریں

**رسائل خریدیں** رسائل ثلاثہ جس میں حضرت مولانا سیالکوٹی نے حدیث مجدد اور مہدی نزاع کے متعلق بسط سے بحث کی ہے اور بفضل خدا اپنی خداداد لیاقت سے بوجہ احسن ادا کیا ہے۔ اس مفید رسالہ کے چند نسخے باقی ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

NATIONAL MUSLIM UNIV
کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی

اہلحدیث
۱۰۔ جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ

# خاکساری تحریک اور اس کا بانی

(۵)

"اہلحدیث" مورخہ ۷۔ جولائی میں ہم نے لکھا تھا کہ مشرقی صاحب کی تصنیفات پر تنقید کے آٹھ نمبر قابل حد ہیں۔ ان میں سے دو نمبروں (طول پر فضول اور تناقضات) کا ذکر سابقہ پرچوں میں ہو چکا ہے آج تیسرے نمبر (تحریف قرآن) کا ذکر ہوتا ہے۔

ضروری نوٹ گزشتہ دو ہفتے سے ہم ناظرین سے یہ تین سوال کر رہے ہیں ۔

(۱) یہ رسالہ کتنی تعداد میں شائع ہو؟ ہماری ذاتی رائے ہے کہ پچاس ہزار کی تعداد میں چھپنا چاہئے۔

(۲) ہر ایک صاحب ضرور اطلاع دے کر اسکو کتنے رسالے مطلوب ہیں؟

(۳) اصحاب خیر اس سلسلہ میں کیا امداد دینگے؟

بعض اصحاب نے رسالہ کی قیمت دریافت کی ہے واضح ہو کہ یہ رسالہ مفت شائع ہوگا۔ رقم چندہ اسی پر خرچ ہوگی۔ فہرست معاونین متفرقات میں چھپی۔

الحمد للہ! ہم جانتے ہیں کہ جماعت اہل حدیث میں عموماً اور ہمارے ناظرین میں خصوصاً بعض اصحاب خیر ایسے ہیں جو اشاعت اسلام اور اشاعت سنت نبی علیہ السلام کے دل سے متمنی ہیں پس وہ اس کار خیر میں جلد توجہ فرمائیں۔

ہم نے بتایا تھا کہ مشرقی صاحب نے اپنے مدعا کے اثبات کے لئے جو آیات پیش کی ہیں۔ انکی تفسیر میں تحریف تک نوبت پہنچ گئی ہے۔ آج ہم اس کا ثبوت دیتے ہیں۔

آپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اقوام یورپ کو جو دنیائے جہاں کی حکومت حاصل ہے یہ ان کی صلاحیت کی وجہ سے ہے۔ اس دعوے پر آپ نے آیت ذیل کو بطور دلیل پیش کیا ہے۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ○

(پ۱۷ - ع۷)

ہم زبور میں تمام احکام کی شرح و ذکر کے بعد یہ بات لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث ہمارے صالح العمل بندے ہی ہیں۔ بلاشبہ اس میں اطاعت گذار قوم کے لئے ایک بڑا پیغام ہے۔

(مقدمہ تذکرہ صفحہ ۱۴)

اس آیت کی تشریح میں مشرقی صاحب رقمطراز ہیں:-

"ان آیات الٰہی میں وارثین زمین کی مکمل تشریح عبادی الصالحون کے الفاظ میں کر دی گئی ہے "صلاح" کی تعریف از روئے قرآن مجید جامع مانع ہے۔ ... لفظ عبادت کی ... امر نہایت غور طلب ہے کہ مسئلہ تھا کے ... تمانے والے کا مفہوم اس آیہ کریمہ (۲۱: ۱۰۵) کے دوسرے ٹکڑے سے قطعی مطابق ہے عبادت کا لفظ عبد سے مشتق ہے جس کے معنی غلام کے ہیں اور وہی قوم درحقیقت عابد ہے جو خدا کی غلام ہے، جو اُس کے قانون اور احکام پر عمل کرتی ہے ورنہ کوئی رسمی نماز گذار اور باقی احکام سے غافل قوم عابد کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ ملازمت کی غرض اول آقا کے احکام کی تعمیل ہے" (مقدمہ تذکرہ اُردو صفحہ ۲ کا حاشیہ)

اس عبارت کی مزید تشریح آپ ہی کے الفاظ میں سنئے جہاں آپ خلافت فی الارض (دنیاوی حکومت) کا ذکر کرتے ہوئے مسلمانوں کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں:-

فلا شک انکم لا تومنون ولا تعملون الصالحات ولا تعبدونہ بل تشرکون بہ واکثرکم الفاسقون والمغربیون ہم الذین امنوا وعملوا الصالحات فی زماننا ہذا فیستخلفہم اللہ ویستذلکم من حیث لا تعلمون

(تذکرہ حصہ عربی صفحہ ۹)

(بے شک تم مسلمان ایماندار نہیں ہو نہ تم نیک عمل کرتے ہو اور نہ تم خدا کی عبادت کرتے ہو بلکہ خدا کے ساتھ شرک کرتے ہو اور تم سے اکثر بدکار ہیں اور اہل مغرب ہی ایماندار اور صالح العمل ہیں ہمارے اس زمانہ میں پس اللہ ان کو (دنیا میں) خلیفہ بنائیگا اور تم کو ایسے طریق سے ذلیل کریگا کہ تم کو خبر بھی نہ ہوگی۔

اہلحدیث اس قسم کا بیان مختلف مواقع پر ملتا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اہل یورپ اس لئے حکمران ہیں کہ وہ خدا کے نزدیک مومن صالح (نیک عمل کرنے والے ایماندار) ہیں۔ ہماری تحقیق یہ ہے کہ قرآن مجید کی اس آیت کو یورپین اقوام کی حکومت پر چسپاں کرنا تحریف ہے جو بے سمجھی پر مبنی ہے۔ صحیح معنی سمجھنے کے لئے آیت کے الفاظ پر غور کرنا ضروری ہے۔ پس ناظرین اور خصوصاً خاکسار تحریک کے ممبران غور سے سنیں۔

اس آیت میں سب سے پہلے الفاظ گفتنی

فی الزبور بعد الذکر یعنی یہ ماقول زبور کو مشتمل ایک حکائت ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ

"ہم (خدا) نے داؤد علیہ السلام کی کتاب میں یہ مضمون لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث میرے صالح بندے ہونگے"

اس لئے سب سے پہلے زبور میں اس مضمون کو تلاش کرنا چاہئے۔ پس جو بھی اس حکائت کے زبور میں ہونگے وہی یہاں بھی مراد ہونگے تاکہ حکائت اور محکی عنہ آپس میں مطابق ہوں جو کہ شہادت مقصودی ہے۔

اس تمہید کے بعد ہم زبور کی وہ عبارت ذیل میں نقل کئے دیتے ہیں۔ با انصاف ناظرین اس عبارت کو ذرا غور سے پڑھیں۔ کیونکہ آیت موصوفہ کی تفسیر کا مدار اسی عبارت پر موقوف ہے۔ چنانچہ زبور میں لکھا ہے:۔

صادق زمین کے وارث ہونگے اور ابد تک اس پر بسیں گے۔ صادق کا منہ دانائی کی بات کہتا ہے اس کی زبان سے عدالت کا کلمہ نکلتا ہے، اسکے خدا کی شریعت اسکے دل میں ہے۔ اس کا پاؤں کبھی نہ پھسلیگا شریر صادق کی گھات میں لگا ہے اور اس کے قتل کے درپے رہتا ہے

(زبور ۳۷ آیات ۳۰ تا ۳۲)

**اہلحدیث**۔ یہ عبارت اپنا مطلب صاف بتارہی ہے کہ صادق لوگ کون ہیں؟ وہی ہیں جو شریعت کی عزت کرتے ہیں اور بحکم قرآن اِعۡدِلُوۡا هُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰى ہمیشہ عدل کے کلمات بولتے ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ وہ جس زمین کے وارث ہونگے اس میں وہ ابد (ہمیشہ) تک رہیں گے اور انہی معنی میں یہ آیت ہے

خَالِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا

(جنتی لوگ جنت میں ہمیشہ رہیں گے)

پس آیت قرآنی کے صحیح معنی یہ ہیں کہ جنت کی زمین کے وارث وہ صالح اور صادق لوگ ہونگے جو شریعت خداوندی کے پورے پابند ہونگے۔ چنانچہ قرآن کریم کی دوسری آیت اسی معنی کی تشریح کرتی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ صَلَاتِهِمۡ خَاشِعُوۡنَ ... اُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡوٰرِثُوۡنَ

الَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ

یعنی نماز روزہ وغیرہ اعمال شریعت ادا کرنیوالے جنت کے وارث ہونگے جو ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

ایک اور آیت بھی سن لیجئے۔ ارشاد ہے:۔

تِلۡكَ الۡجَـنَّةُ الَّتِىۡ نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَنۡ كَانَ تَقِيًّا (ہم جنت کا وارث متقی لوگوں کو بنائینگے)

اب ہم یورپ کے صالحین کی صلاحیت کا حال مشرقی صاحب ہی کے الفاظ میں بتاتے ہیں

یورپین اقوام میں سے ہمارے ساتھ تعلق رکھنے والی انگریز قوم ہے اور انگریز یورپ کی باقی اقوام کی نسبت زمین کے زیادہ حصے پر متصرف ہیں۔ ان انگریز صالحین کی صلاحیت بتانے کو مشرقی صاحب کے چند الفاظ ہی کافی ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ

انگریز اکثر معاملوں میں بدنیت ہیں۔ شیطانی قوم ہیں اور جھوٹے ہیں مکار ہیں۔ جھوٹ کی اشاعت کر کے رعایا کو لڑواتے ہیں۔

(اشارات ص $\frac{16}{17}$ - ص $\frac{123}{124}$)

**ناظرین کرام!** ہم مشرقی صاحب کی طرح زبانی باتیں کرنے کے عادی نہیں بلکہ اپنے دعوے پر دلائل اور واقعات کو پیش کرتے ہیں۔ اس لئے آپ کی معرفت ہم مشرقی صاحب اور ان کے اتباع سے ایک دو سوال کرتے ہیں وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر سوچیں اور جواب دیں کہ آپ نے جو اقوام یورپ کی صلاحیت کا ذکر کر کے اُن کو اس آیت کا مصداق بتایا ہے کیا آپ کو روس کی صلاحیت کا حال بھی معلوم ہے؟ جو یورپ میں اتنی زبردست قوم ہے کہ آج سارا یورپ اس سے خائف ہے اور وہ یورپ اور ایشیاء کے بہت بڑے حصے پر قابض ہے۔ کیا آپ نے سنا ہے کہ وہاں کس قسم کی صلاحیت جاری ہو رہی ہے۔ اگر نہ سنا ہو تو اب سنئے کہ روسی حکومت کا بنیادی پتھر دہریت ہے یعنی ان کا مقولہ ہے کہ

Religion is Nothing

یعنی مذہب کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ مذہب کی بنیاد خدا کے اعتقاد پر ہے۔ اور خدا کی نسبت ان کا مقولہ ہے

God is Nothing

یعنی خدا کوئی چیز نہیں ہے۔

ان دو اصولوں کو جاننے کے بعد اس قوم کی صلاحیت کا اندازہ آپ خود کر سکتے ہیں۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ آپ نے صلاحیت کے لئے اقوام یورپ ہی کو مخصوص کیوں کیا حالانکہ جاپان بھی علم سائنس اور صنعتی ترقی میں یورپین اقوام سے کم نہیں ہے۔ اور وہ آج تمکین فی الارض (حکومت زمین) میں اتنا شہ زور ہے کہ یورپین اقوام کو للکارتا ہوا کہتا ہے ؎

انا صخرة الوادی اذا ما زوحمت
واذا نطقت فانتی الجوزاء

آپ نے جو یورپین اقوام کے حق میں لکھا ہے کہ

اکثر ملائکہ ان کو سجدہ کرتے ہیں برق کا فرشتہ ان کی رات دن خدمت کرتا ہے ۔

(تذکرہ عربی ص ۲۶)

کیا اس میں جاپان اور چین وغیرہ شریک نہیں ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ آپ صرف مغربی اقوام ہی کا ذکر کرتے ہیں اور ان مشرقی اقوام کو چھوڑ دیتے ہیں۔

**واضح رہے** کہ چین و جاپان کا قومی مذہب بدھ ہے اور بدھ خدا کے منکر ہیں۔ ہمارے اس دعوے کے ثبوت آپ سوامی دیانند کی ستیارتھ پرکاش اور لالہ لاجپت رائے کی تاریخ ہندوستان حصہ اول دیکھئے۔ ان دونوں نے بدھوں کو دہریہ (منکر خدا) لکھا ہے۔

ہم اس موقع پر تذکرہ عربی کا ایک پورا صفحہ نقل کرتے ہیں۔ جس سے ناظرین کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ بھلا آدمی کس دل و دماغ کا مالک ہے۔ اور اپنے اتباع کے ذہن میں کیا کچھ بٹھانا چاہتا ہے۔ اور قرآن مجید کی کہاں تک تحریف کرتا ہے۔ پس انصاف پسند اہل علم مندرجہ ذیل حوالہ کو بغور ملاحظہ کریں۔ آپ کے اصل الفاظ اہل عرب کے حق میں یہ ہیں

"... میں [illegible] پھر جب [illegible] نہیں، اور جب [illegible]"

ahmadimuslim.de

فو اللّٰہ ما جاءهم قوم [illegible] قط فی هذہ
الدنیا مثل ما جاءهم [illegible] فی زماننا هذا
ولم یعرفوا اللّٰہ مثل ما عرفوہ + ولم یقدروہ
مثل ما قدروہ + فکیف لا یؤدی اللّٰہ اجورهم
ویوفیهم حق عبادتهم فی الدنیا [illegible]
نعمته علیهم ان کانوا شٰکرین ۵ وکیف
لا یستخلف [illegible] الذین اٰمنوا باللّٰہ
بالحق وعملوا الصٰلحٰت [illegible] علیهم
فالملٰئکة اکثرهم یسجدون لهٰذا القوم +
وملک البرق [illegible] لیلا ونهارا [illegible]
[illegible] علی الارض ویرسل [illegible]
من المغرب الی المشرق فی طرفة العین + و
[illegible] بلادهم و [illegible] اصابعهم
[illegible] فی البحر + و
[illegible] فی البر + وقد [illegible] علی
[illegible] فی الجنة [illegible]
[illegible] للّٰہ [illegible] فاطر السمٰوٰت
والارض جاعل الملٰئکة رسلا اولی
اجنحة مثنٰی وثلٰث وربٰع یزید فی
الخلق ما یشاء ان اللّٰہ علی کل شیء قدیر
(۳۵: ۲) + [illegible] العباد [illegible]
[illegible] اتقا [illegible]
[illegible] الا [illegible]
(۲۶: ۱۸) [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] الملٰئکة [illegible] الان + و
[illegible]
[illegible] خلیفة الارض [illegible] الذین
[illegible]
[illegible] خلیفة [illegible]
[illegible]

[illegible] (۲: ۳۰) فاجابهم
ربهم [illegible] الا [illegible]
علی افکارهم البالغة انی اعلم ما لا تعلمون
(۲: ۳۰) ۵ فعلمهم اللّٰہ الاسماء اکثرها +
[illegible] الاشیاء معظمها + واقدرهم
علی استعمالها + وملٰئکته یدخلون علیهم
من کل باب سلٰم علیکم [illegible] (۱۳: ۲۴)
[illegible] + اداحکم اللّٰہ
فالبثوا فیها الی الحین ۵ وهم الذین قال
فیهم ربهم للملٰئکة ذی رجال مثلهم
انی خالق بشرا من طین ۵ فاذا سویته
ونفخت فیه من روحی فقعوا له سٰجدین
فسجد الملٰئکة کلهم اجمعون (۳۸: ۷۲-۷۳)
[illegible] اللّٰہ [illegible] لانهم
[illegible] ما یکسبون و [illegible]
[illegible] انتم لا تقدرون
[illegible] علی شیء ولا تبصرون من شیء
ولا تبصرون ولا تعلمون۔

(تذکرہ عربی [illegible])

اس عبارت کا مختصر مطلب یہ ہے کہ
خدا کی قسم خدا کو جیسا اہل مغرب نے پہچانا ہے
کسی قوم نے نہیں پہچانا۔ پھر خدا ایسے ایماندار
[illegible] بندوں کو زمین میں خلیفہ کیوں نہ کرے۔ اکثر
ملائکہ [illegible] ان کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور
ملک البرق [illegible] فرشتہ دن رات ان کی
خدمت کرتا ہے [illegible] کے جہازوں کو چلاتا ہے
ان کے [illegible] چلاتا ہے۔ [illegible] خبریں آناً فاناً
[illegible] پہنچاتا ہے۔ ملک البحار [illegible]
فرشتہ [illegible] کا [illegible]
[illegible] کی عبادت کرتا ہے۔ [illegible] فرشتے ہیں
جنہوں نے [illegible] سجدہ نہیں کیا مگر
وہ [illegible] کی [illegible] کوشش کرتے ہیں کہ [illegible]
[illegible]
[illegible]

انی اعلم ما لا تعلمون [illegible] نے ان کو
اسماء کا علم دیا ہے اور حقائق اشیاء ان کو بتائی
ہیں۔ اور [illegible] فرشتے ان کو سلام کرتے
ہوئے ان پر داخل ہوتے ہیں [illegible] کو بخشے
ہیں [illegible] نے بہت اچھے کام [illegible]
رکھے۔ یہی (یورپین اقوام) ہیں جن کے حق
میں خدا نے فرشتوں کو کہا تھا کہ جب میں ان کو
پیدا کروں تو تم ان کے لئے سجدہ میں گر پڑنا۔
پس جب فرشتوں نے [illegible] سجدہ کیا تھا
یہ لوگ [illegible] ہیں [illegible]
ہیں [illegible]
[illegible] جانتے ہو۔

ناظرین کرام! آپ لوگوں نے سنا ہوگا کہ
[illegible] ایک فرقہ قرامطہ پیدا ہوا تھا جن کا
ایک تاریخی واقعہ قابل شنید ہے کہ یہ فرقہ [illegible]
کے زمانہ میں جب حجاز پر غالب آگیا تو حجر اسود کو
نکال کر اپنے ملک [illegible] لے گیا [illegible]
[illegible] آخر سلطانوں نے [illegible]
حجر اسود ان لوگوں سے [illegible]
[illegible] یہ فرقہ بھی اسلام کا قائل تھا۔ صرف
دو نمازیں پڑھتا تھا [illegible] کی ضرورت کا
قائل نہیں تھا۔ ہم [illegible] کہتے ہیں کہ قرامطہ کے بعد
قرآن مجید کی تحریف کرنے والا [illegible] صاحب کے برابر
ہم نے کوئی نہیں پایا۔ [illegible] ہم ان کی خدمت میں
یہ شعر عرض کرتے ہیں ؎

[illegible] ظلم کیشی کو
[illegible]

[illegible]

[illegible] نبوت [illegible]
کے [illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]

# مسیحیت اور عقل

عقل ایک لطیف جوہر ہے کوئی اس سے محروم نہیں تو وہ بھی اپنے کو اس سے بے بہرہ نہیں سمجھے۔ شیخ سعدی نے اس لطیف جوہر کے حق میں کیا اچھا کہا ہے ؎

گر از بساط زمین عقل منعدم گردد
بخود گمان نبرد ہیچ کس کہ نادانم

(اگر ساری دنیا سے عقل معدوم ہو جائے تو بھی کوئی شخص اپنے آپ کو بے عقل نہیں سمجھیگا۔)

مسیحیت مروجہ میں ایک قسم کی کمزوری تھی کہ وہ مذہبی اعتقاد میں عقل کا دخل نہ سمجھتے تھے۔ جب کبھی ان پر سوال ہوتا کہ کبھی کھانے پینے والے انسان کو خدا ماننا عقل کے خلاف ہے تو وہ یہی جواب دیتے کہ خدائی معرفت کے میدان میں عقل نہیں چل سکتی۔ خدا کا شکر ہے کہ آج یہ زبان جاری گردد کے ماتحت عیسائیوں کے رسالہ "اخوت" میں ایک مضمون نکلا ہے۔ جس میں سے چند الفاظ (جو سنہرے حروف میں لکھے جانے کے قابل ہیں) درج ذیل کئے جاتے ہیں:-

"خدا عقل و تمیز کا مبدأ ہے اور اسکے احکام و قوانین عقل و تمیز کے مطابق ہیں۔ خدا ہمیں یہ دعوت نہیں دیتا کہ ہم اگر بعید الفہم مسائل پر ایمان لائیں بلکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ ہم ہر ایک بات کو اپنی عقل و تمیز سے پرکھیں۔"

(اخوت لاہور بابت جون ص۳)

**اہلحدیث** کیا اچھا سبق ہے۔ غنیمت ہے کہ یہ الفاظ کسی دینی شیریں دہن (مسلمان) کے قلم سے نہیں بلکہ تثلیثی مسیحی کے قلم سے نکلے ہیں۔ پس وہ مہربانی کرکے ہمارے مندرجہ ذیل سوال کا جواب عنایت کریں۔

**سوال** کیا آپ بزرگوں کا عقیدہ جامعہ مرتبہ مقدس اتھاناسیس عقل کے مطابق ہے؟ یاد دہانی کیلئے ہم یہاں اس کے ایک دو فقرے نقل کرتے ہیں:-

باپ قادر مطلق۔ بیٹا قادر مطلق۔ روح القدس قادر مطلق تو بھی تین قادر مطلق نہیں بلکہ ایک قادر مطلق
باپ قدیم بیٹا قدیم اور روح القدس قدیم تو بھی تین قدیم نہیں بلکہ ایک قدیم وغیرہ۔
مہربانی کرکے بتائیں کہ ایسا جامع عقیدہ
کس عقل کے مطابق ہے

اداسے دیکھ لو جاتا رہے گلا دل کا
بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

# قادیانی مشن

# مسیح قادیان اور ملعون شیطان

**حضرت مرزا صاحب مسیح قادیان کے دلائل**

یوں تو بیسیوں نہیں سینکڑوں بلکہ ہزاروں سے بھی متجاوز ہیں مگر ایک دلیل ایسی واضح اور فیصلہ کن ہے کہ ہر درجے کا آدمی اس سے صحیح نتیجہ اخذ کر سکتا ہے وہ دلیل ایسی صاف ہے کہ اقلیدس اور جبر و مقابلہ کے دلائل بھی ایسے صاف نہ ہونگے۔ حضرت ممدوح نے اپنی صداقت کے ثبوت میں اپنا ایک بہت بڑا شاندار کام پیش کیا تھا جو انبیاء کرام علیہم السلام سے بھی نہ ہو سکا تھا۔ آپ کے شاندار الفاظ یہ ہیں کہ:-

"شیطان نے آدم کو مارنے کا منصوبہ کیا تھا اور اس کا استیصال چاہا تھا پھر شیطان نے خدا تعالیٰ سے مہلت چاہی اور اس کو دی گئی الی وقت المعلوم بسبب اس مہلت کے کسی نبی نے اس کو قتل نہ کیا۔ اس کے قتل کا وقت ایک ہی مقرر تھا کہ وہ مسیح موعود کے ہاتھ سے قتل ہو۔ اب تک وہ ڈاکوؤں کی طرح پھرتا رہا لیکن اب اس کی ہلاکت کا وقت آگیا ہے۔"

(منظور الٰہی جلد دوم ص۱۶۶)

**اہلحدیث** اس عبارت سے دو امر ثابت ہوتے ہیں ایک یہ کہ شیطان کا مسیح موعود (مرزا صاحب) کے وقت میں ہلاک ہو جانا مقدر ہے۔ دوسرے یہ کہ شیطان کی موت کی علامت یہ ہے کہ نیک لوگ زیادہ ہونگے اور شریر کم جن میں قلیل و خوار۔

واقعات کو دیکھ کر صاف پتہ چلتا ہے کہ شیطان ابھی تک مرا نہیں کیونکہ دنیا میں اشرار کی اکثریت ہے جس کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں۔ لیکن یہ تجربہ بھی استدلالی شکل میں رہتا جس پر مزید بحث کی گنجائش ہوتی۔ خدا بھلا کرے اڈیٹر الفضل قادیان کا جس نے ہمیں استنباط کی تکلیف سے بچا کر خود ہی صاف لفظوں میں نتیجہ بتا دیا چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں کہ:-

"ہر طرف فتنہ و فساد، ظلمت اور سیاہ کاری کا دور دورہ ہے اور شیطان اپنے پورے ساز و سامان کے ساتھ دنیا پر مسلط ہے۔ اس کا ہر مذہب و ملت کے لوگ اعتراف کر رہے ہیں۔"

(الفضل ۱۸ جولائی ص۳)

**سوال** کل مذاہب کے افراد میں قادیانی اور لاہوری ارکان بھی شریک ہیں۔ لہٰذا کیا مرزا صاحب کے تمام اتباع اس کا اعتراف کرنے میں شریک ہیں اگر شریک ہیں تو مہربانی کرکے بتائیں کہ شیطان اپنی ہلاکت کے وقت سے کیوں پیچھے رہ گیا؟ اگر وہ اپنی کسی چال بازی سے زندہ بچ گیا ہے (جیسا کہ اس سے خطرہ ہے کیونکہ وہ بڑا چال باز ہے) تو بتائیے کہ مرزا صاحب کی مسیحیت کیسی ہوئی؟ یا پیں ہوئی بمصداق

اور شیطان پر یہ شعر خوب صادق آتا ہے ؎

کچھ پیری چلی باد صبا کی
بگڑنے پر بھی زلف اس کی بنا کی

**رئیس قادیان** مرزا صاحب قادیانی کی زندگی کے حالات جنہیں ایڈیٹر نے شہادت کے ساتھ ایک نئی تصنیف ہے۔ قیمت ۱۲ دیکھ پتہ منیجر اہلحدیث امرتسر

ahmadmuslim.de

# بریلوی مشن

# کنوز العارفین بجواب فیوض العافین

(۱۴۔ جولائی کے بعد)

(از مولوی عبد اللہ صاحب ثانی امرتسری)

"اہلحدیث" ۱۴ جولائی میں مصنف فیوض کی نقل کردہ روایت اگرچہ ایک جنبیک پر بحث تھی ۱۱ سکے بعد مفتی جی نے بطور غلط بحث اپنی تحقیق کی باگ ڈور کو دوسری طرف پھیر کر یہ ثابت کرنا شروع کر دیا کہ انبیاء اولیاء شہداء زندہ ہیں۔ جس پر بھلی طرف سے اجمالی نقض وارد کیا گیا تھا۔ اب اسی کی تفصیل پیش ہے۔ گو ہمارا حق نہیں کہ ہم اصل بحث میں ادھر ادھر کی باتوں کا جواب دیں مگر ہمارے مخاطب چونکہ شروع سے ہی اصل بحث سے الگ جا رہے ہیں۔ اسلئے ہم بھی بپاس خاطر مفتی صاحب ان کے پیچھے ہر بات کا جواب دیئے جا رہے ہیں۔ آخر ہم کس کس ٹیڑھی بات کو سیدھا کریں وہاں تو یہ حال ہے ؎

بنے کیونکر کہ ہے سب کار اُلٹا
ہم اُلٹے بات اُلٹی یار اُلٹا

بہرحال آپ حیاۃ انبیاء کے ثبوت میں اقوال الرجال و حکایات واہیہ کی بھرتی کرتے ہیں۔ جس کا پورا درج کرنا تو ناظرین کے ملال طبع کا باعث ہے۔ ہم اس کو اپنے لفظوں میں خلاصۃً لکھتے ہیں جو اصل تحریر کے بالکل مطابق ہے۔ لکھتے ہیں۔

"(۱) قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی شہداء کے حق میں فرماتے ہیں۔ بل احیاء عند ربھم۔ مراد شاید آں باشد کہ حق تعالیٰ ارواح شاں را قوت اجساد مے دہد تا ہر جا کہ خواہند سیر مے کنند و ایں حکم مخصوص بشہداء نیست انبیاء و صدیقاں از شہداء افضل اند و اولیاء ہم در حکم شہداء است ... ... اجسادنا ... ... ... دوستاں (یا معتقداں) را در دنیا و آخرت مددگار مے فرمائند و دشمناں ہلاک مے کنند" (فیوض العارفین ص۷)

(۲) مولانا عبد الحق دہلوی فرماتے ہیں۔ امام شافعیؒ نے کہا ہے کہ موسیٰ کاظم کی قبر کی مٹی قبولیت دعا کیلئے مجرب ہے۔ امام غزالی کہتے ہیں جن سے انکی زندگی میں مدد لی جاتی ہے ان سے بعد وفات بھی مدد لی جاتی ہے۔

(۳) ایک بڑے کامل بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے چار بزرگوں کو دیکھا ہے وہ قبروں میں ویسے ہی کرامت اور تصرف دکھاتے تھے جیسا زندگی میں دکھایا کرتے تھے۔ شیخ معروف کرخی اور شیخ عبد القادر جیلانیؒ (مردو بزرگ) ایسے لوگوں سے ہیں۔

(۴) امام اعظم (ابو حنیفہؒ) اپنے قصیدہ میں یوں استغاثہ کرتے ہیں ؎

یا اکرم الثقلین یا کنز الوریٰ
خذلی بجودک وارضنی برضاک
انا طامع بالجود منک ولم یکن
لابی حنیفۃ فی الانام سواک

مولانا محمود الحسن دیوبندی نے مولانا گنگوہی کا اسطرح مرثیہ فرمایا ہے ؎

مُردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے دیا
اس مسیحائی کو دیکھے ذرا ابن مریم

(فیوض ص۸)

(۵) پیر جیلانی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

میرا مرید مشرق میں ہو یا مغرب میں یا پڑا ہوا ہو دریا کے تلے اس کی مدد کو پہنچوں گا۔ میں قضا کی تلوار ہوں میں قیامت تک مریدوں کا شفاعتی ہوں۔ میں ولی اللہ ہوں۔ میری بات قطع کی جائے گی نہیں ... ... کھلنے والا قطب، قوتوں کا جمع کیا ہوا ہوں، میرا خوا یا منصور کا پاؤں پھسل گیا کوئی پکڑنے والا نہ تھا اگر میں ہوتا تو اسکا ہاتھ پکڑ لیتا۔ میں قیامت تک اپنے مرید کا ہاتھ پکڑنے والا (دستگیر) ہوں۔ جب مانگو مجھ سے بیٹے مانگو۔ جو میرا نام سختی کے وقت پکارے اسکی کربت دور ہو جاتی ہے۔ جو دو رکعت نماز پڑھ کر گیارہ قدم عراق کی طرف چل کر میرا نام یاد کرے اسکی حاجت پوری ہوگی۔ (فیوض ص۱۲)

(۶) شیخ عبد الحق دہلوی حضرت شیخ عبد القادر جیلانی سے اس طرح التجا کرتے ہیں۔

"یا غوث الآفاق یا متصرفا فی الوجود علی الاطلاق من الذی توسل بک فلم تقض حاجتہ ولم ینل المقصود وانت الذی سلم الیہ الاکوان مطلقۃ العنان التصرف فی میدان الزمان یا سلطان ممالک الوجود یا محبوب رب الودود یا نائب الرسول محمد المحمود کل یسئال منک حاجتہ وھا انا نسئال منک ان تخلص من ظلمات البشریۃ و درطات الطبعیۃ ویظھر لنا انوار شھود ما یستغنی بہ قلوبنا ویھب علینا من نسمات الانس یروح بہ ارواحنا و ملاک امرنا کلہ یا سیدنا ان لا تردنا من جنابک وتنظمنا یا مولانا فی سلک مریدیک و تبشرنا بہ وتجعل لنا علی ذلک دلیلا۔ (زبدۃ الاسرار[1]) علمہ متی استجیب بحمد اللہ وبفضلہ ھذا الدعا من ھذا الداعی والداعی ھو مولف ھذا الکتاب وصاحب ھذہ الحاشیۃ المنہیۃ ابو المجد الشیخ الاجل عبد الحق محدث الدھلوی رحمۃ اللہ علیہ رایٰ فی سنۃ انہ بایعہ

[1] عربی دان حضرات اس ہندی عربی پر بھی غور کریں۔ ... ... ... تادان دوست ہیں۔ شیخ موصوف کو عربی ... ... یہ تمام کرتے ہیں کہ وہ وقت کے اس قدر ماہر تھے کہ ... ... کی عربی نہ جانتے تھے۔ ... ...

... ... کی بنا پر پیر صاحب نے عراق کی ... الحضرت کے ... علیہ ... دعا دیئے تھے۔ (دخل ... ...)

مومنین التشفع فی حضرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم دعالہ وبشر جبلہ بالقدسیہ تحد وگمک خواہی شد دہبا قصر اختصر تعالو الحق اللہ

(ترجمہ) یعنی یا غوث الآفاق اے جہاں وجود میں تصرف کرنے والے وہ کون ہے جس نے آپ سے توسل کیا ہو اور پھر اس کی حاجت اور مقصود حاصل نہ ہوا ہو۔ آپ تو وہ ہیں کہ جن کی طرف اکوان کو مطلقاً سپرد کر دیا۔ زمانہ کے میدان میں تصرف کی عنان دیدی گئی۔ اے ممالک وجود کے سلطان۔ اے رب الودود کے محبوب۔ اے محمد المحمود کے نائب رسول ہر شخص اپنی حاجت آپ سے مانگتا ہے اور آگاہ ہو کہ ہم بھی آپ سے سوال کرتے ہیں کہ بشریت کی تاریکیوں اور طبیعت کے بجھڑوں سے رہائی پائیں۔ اور ہم پر ایسے انوار فیضان ہوں جن سے ہمارے دل روشن ہو جائیں۔ اور ہم پر ایسی انس و الفت کی نسیم اور ہوائیں چلیں جن سے ہماری ارواح تازی ہو جائیں اور ہمارے تمام امور منضبط ہو جائیں۔ اور ہمیں اپنی درگاہ سے محروم نہ کیجیو اے ہمارے آقا ہمیں اپنے مریدوں کی جماعت میں شامل کرلے اور ہمیں اس کی بشارت بھی دے دے۔ اور اس پر کوئی نشان بھی قائم کر۔"

(تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبدالقادر ... فیوض العارفین صفحہ ۱۲)

اس کے بعد لکھتے ہیں:۔

حضرت شیخ دہلوی کی دعا قبول ہو گئی اور شیخ جیلانی نے آپ کو جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو بیعت فرما لیا۔ (فیوض صفحہ ۱۳)

**اجمالی جواب** ان سب کا مجملاً جواب تو یہ ہے کہ ان حکایات کی وقعت اہل علم محققین کے نزدیک افسانہ ... کی کہانیوں سے زیادہ نہیں ... معلوم نہیں ... یہ لوگ ایسے اہم مسئلہ کو جو اصلاً امت کی تحقیق سے بالکل نرالے ... قصص و ... اس طرح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں ... جانتے ہیں کہ ہمارے حلقے کے لوگ ناخواندہ ہیں

خالی، سمجھ سے کورے ہیں۔ ان کو جس طرح چاہیں سنا دیں وہ بد کنے کے نہیں۔ یا یہ قصے سنانے والے لالہ آدمی بے سمجھ واقع ہوئے ہیں کہ اپنی دھن میں کہے جاتے ہیں کوئی سنے یا نہ سنے ان کا اپنا جنون پورا کرنا ہے۔

**بریلوی فرقہ کے مفتیو!** سنو! اور گوش ہوش سے سنو! اب دنیا میدان تحقیق میں ہے۔ ان کو یہ قصے کچھ اثر نہیں کرتے۔ اگر کوئی مسئلہ تحقیق سے ثابت کرنا چاہتے ہو تو قرآن مجید سے ثبوت دو یا حدیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت کرو۔ ہاں اگر مقلدانہ حیثیت سے چاہو تو اپنے امام حضرت ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول مستند پیش کرو۔ جس میں آپ کے دعویٰ کی دلیل ہو۔ پھر بھی آپ کو معذور سمجھیں گے کہ آپ بحیثیت مقلد یہی کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| انما المقلد فمستند قول المجتہد | کیونکہ مقلد (اپنے مجتہد کے قول سے ہی سند پکڑ سکتا ہے) |

وہ صرف یہ کہنے کا حقدار ہے:۔

| | |
|---|---|
| ھذا الحکم واقع عندی لانہ ادی الیہ رأی ابی حنیفۃ (توضیح) | کہ یہ حکم میرے نزدیک درست ہے کیونکہ ابو حنیفہ کی رائے اس میں یہی ہے |

اگر یہ بھی نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اللہ سے ڈرو اور حق کو باطل سے مت ملاؤ اور حق کو چھپاؤ نہیں۔ آخر وہ دن آنے والا ہے جب خدا کی بارگاہ میں تمام دنیا پیش ہو گی۔ اور ہر ایک کو اس کا اعمالنامہ پڑھنے کا حکم ہوگا۔ کہیں آپ کے بھی کرتوت پیش ہو کر ختم نہ ہو جائے:۔

اِقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا (اپنا لکھا خود ہی پڑھ کر جی سے فیصلہ کرو کہ تم کس سزا کے حقدار ہو)

اس کے بعد آپ نے ایک حدیث پیش کی ہے۔ جو انہیں کے نقل کردہ الفاظ میں درج ہے:۔

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ قال من عادیٰ لی ولیاً فقد اٰذنتہ بالحرب وما تقرب الی عبدی بشیء احب الی مما افترضت علیہ ولا

یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احببتہ فاذا احببتہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہا ورجلہ التی یمشی بہا وان سألنی لاعطینہ ولئن استعاذنی لاعیذنہ وما ترددت عن شیء انا فاعلہ ترددی عن نفس المؤمن یکرہ الموت وانا اکرہ مساءتہ ولا بد لہ منہ رواہ البخاری (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۹۷)

ترجمہ:۔ یعنی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے میرے ولی سے دشمنی کی تو میں اس کو لڑنے کا چیلنج دیتا ہوں۔ اور میرا بندہ میری طرف کسی شے سے زیادہ قریب نہیں ہوتا۔ جو زیادہ محبوب ہو مجھ کو بمقابلہ فرائض سے قرب حاصل کرلیتا ہے۔ جو میں نے اس پر مقرر کئے ہیں۔ اور ہمیشہ نوافل سے میرا بندہ میرا نزدیکی ہوتا رہتا ہے یہاں تک میں اس کو اپنا دوست بنا لیتا ہوں پس جب اس کو دوست بنا لیتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے پکڑتا ہے۔ اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے تو میں دیتا ہوں۔ اگر وہ مجھ سے پناہ چاہتا ہے تو پناہ دیدیتا ہوں۔ اور مومن کی جان سے بڑھ کر کسی چیز میں مجھے تردد نہیں ہوتا جس کو میں کرنے والا ہوں وہ یہ کہ مومن موت کو ناگوار سمجھتا ہے اور میں اس کی ناگواری ... موت اس کے لئے ضروری ...

اس حدیث سے ... سمجھا ... کہ ... ثابت ...

ahmadimuslim.de

...ی ...الرحمٰن ... اللہ ... بعض تیتہ
... برابر ... منتوں ... بعد
... طین ... جا ...
... غرق ... ہی کا شکر ... پر ...
... الکتب ... لکہ ... کہا کہاں سے
... ہوا ...

... صاحب ... مطلبہ ...
... سبب ... بادعوۃ ... تقرب
... ہو تا ہے پھر ... زندگی ...
... کیونکہ پھر بھی ... ہے
... کی ضرورت ہے ... کا
... دیتا ہے۔

... مقرب ہو جانے کے بعد ... کی پھر
بھی ... ضرورت ہے جو ... سے پناہ مانگتا ہے
اور خدا اُسے پناہ دیتا ہے۔

(۳) با وجود مقرب ہو جانے کے پھر بھی آ فر موت
کے گھاٹ اترنے والا ہے۔

مفتی صاحب سنئے!

(۱) جو اپنی ضرورتیں خدا سے مانگے۔
(۲) جو اللہ کی پناہ میں زندگی بسر کرے۔
(۳) جو موت کا شکار ضرور ہو۔

اس کے متعلق یہ خیال ہو سکتا ہے کہ یہ کسی جبروت و ملکوت کا مالک یا متصرف فی العالم ہے۔ ہرگز نہیں و نحن علی ذالک من الشاھدین۔

(باقی باقی)

## اثبات التوحید

قاضی فضل احمد لدھیانوی ... نے ایک کتاب انوار آفتاب صداقت تصنیف کی۔ اس میں علماء دیوبند، مولانا ... اور جماعت اہل حدیث پر ... تھا۔ اس کے جواب میں کتاب ... ان کے جملہ اعتراضات کا مدلل ... جواب دیا گیا ہے۔ ... ہدیہ ...

# کفار کی نوکری

(۳)

... صاحب ... 

... جو حضور ... سے ثابت ہو ...
... مقتضی ہے ... آخری
... ہے ... ہے۔

ایک صورت یہ ہے کہ غیر مسلم کے ساتھ تعاون کرنے سے ... کے مذہبی شعائر ... کو تقویت یا اعانت نہ ہو بلکہ مفاد عامہ کے ساتھ اس کا تعلق ہو تو ایسا تعاون جائز ہوگا۔ مثلاً ان کے ہاں ... ملازمت بقیام گاہوں رہائش گاہوں کی تعمیر راستوں کی صفائی و درستی ڈاکوؤں راہزنوں کی گرفتاری، چوروں بدمعاشوں جوابازوں اور جیب تراشوں کی سرکوبی یا پہرہ داری یا مثلاً شرع اسلامی کے مطابق تصفیہ تنازعات یا افتاء و ... یا مثلاً معاملات مروجہ مشروعہ و مباح کے لئے دو امراء کے مابین وکالت کرنا وغیرہ وغیرہ۔

چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اسی قسم کے ایک سوال (جو شاہ بخارا نے آپ سے دریافت کیا تھا) کا جواب اسی جواب سے ملتا جلتا بھیجا تھا۔ جو میں نے اوپر لکھا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

لَا يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ

لیکن حنفیوں کی معتبر کتابوں کے مطالعہ سے پایا جاتا ہے کہ غیر مسلموں کے ساتھ تعامل ... معصیت ہی ... چنانچہ کنز الدقائق میں ہے کہ شیرہ انگور اگر شراب ... کے پاس فروخت کیا جائے ... کو ... کے ... کر ... عبادت ...

... مکان کرایہ پر دیا ... یا عیسائی ...
کی جائے یا شراب ... یا بت ... کی عبادت کیا جائے ... زمکلئی ... والمختار ... 

ان کی دلیل یہ ہے کہ معصیت کا تعلق ... فاعل مختار کے ساتھ ہے ... اعانت کے ساتھ ... اجیر یا فروشندہ کی طرف معصیت کی ... درست ہو سکتا ہے۔

اسی طرح ... والا ... لکھا ہے کہ ... مشتاق ... طرف ... کہ پہلے ... شراب ... کو فروخت کرنا اعانت علی المعصیۃ نہیں خواہ فروشندہ کو خریدار کی عادت ... کا پہلے سے علم ہی کیوں نہ ہو۔ مگر ان دونوں ... کی نسبت ... اور ... کے مصنفین نے مذکورہ رائے کو ... کر دیا ہے۔ البتہ ... کی عبادت گاہوں کی تعمیر کے کام کو ... کر ... کو جائز قرار دیا ہے۔ ... میں ہے کہ ... کو اجرت پر چرانا درست ہے اور ایسی اجرت حلال ... ہے۔ ... میں درج ہے کہ نصرانیوں ... کے پاس ... فروخت کرنا ... نہیں۔ یہ حوالہ جات ... سے نقل کئے ہیں۔

اب میں شرح کنز الدقائق کی عبارت ... درج کرتا ہوں۔ ...

و الذی ... فی ... الی حنیفہ ... و یجوز للمسلم ان ... من ذالک لانہ اعانۃ علی المعصیۃ ... الثلاثۃ ... ولہ ... الاجارۃ ... الخنیت و لہذا ... الاجر ... و المعصیۃ ... فی فعل المستاجر ... التسبیۃ ...

کیونکہ علامہ یہ بیع لا یستبینها او یا شبها [illegible]

دبرها و بیع الغلام من اللوطی علی ما في الحاوي وکذا في کفایہ و نهایہ قال فی الخ و [illegible] جواز البیع من اللوطی ۔ ودرفتاوی عالمگیری ست لا باس بیع الجاریۃ ممن لا یستبرئها یا بلی یا بیعها من یعید [illegible] لا تکون فی بیلعنایۃ المغنوی۔ لیکن مسئلہ جس حد تک شغل فکر امام ابوحنیفہ کی رائے سے اختلاف ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ تمام افعال معاصی بمعصیت ہیں۔ اور ہم راقم کے نزدیک یہی فیصلہ صحیح اور درست ہے جیسا کہ پہلے بحوالہ آیات و احادیث عرض کرچکا ہوں۔

اب رہا یہ مسئلہ کہ حدیث و قرآن کا درس و معلم اگر اپنی ضرورت کی خاطر ملازمت اختیار کرے اور درس قرآن و حدیث کا شغل ترک کرنے کے لئے مجبور ہو جائے تو کیا وہ ایسا کر سکتا ہے یا نہ تو اس کا صحیح جواب یہی ہے کہ بحالت اضطراری وہ موجودہ شغل کو چھوڑ کر ملازمت اختیار کر سکتا ہے کیونکہ ذاتی حالت اضطراری کو دور کرنا زیادہ منفعت بخش ہوگا بمقابلہ اس کے کہ وہ اپنی جان کو بتلائے حالت اضطراری رکھ کر خلق اللہ کے تمامات پر علوم قرآن و حدیث کو جاری رکھے۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر عالم کی معیشت اور ضروریات زندگی کا مدار عوام الناس کی امداد پر ہوگا تو عالم کو مسائل شرعیہ کے اظہار میں پوری آزادی نہ ہوگی۔ اس کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ اپنے امداد کرنے والوں کی خوشنودی کو قائم رکھنے کے لئے ایسا طرز عمل اختیار کرے جس سے وہ انہیں ناراضی پیدا کرنے کا موقع نہ دے خواہ اس کو دلائل شرعیہ اور نصوص دینیہ کے متعلق تاویلات ہی کیوں نہ کرنی پڑیں اور ایسی صورت میں جو مضرات پیدا ہو سکتے ہیں وہ عالم [illegible] دونوں کے لئے یکساں نقصان رساں [illegible] اصل حقیقی صورت مفقود ہو جانے کے [illegible] ہیں بلکہ [illegible]

احکامات کی موجودگی میں یہی ضروری ہے کہ ملازمت اختیار کی جاوے۔ اگر فی زمانہ عوام و خواص کی نظروں میں علماء کی کسی قدر بھی وقعت قائم نہیں رہی اور انہیں ذلیل سمجھا جاتا ہے۔ تو اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ علماء نے اپنی معیشت اور کفاف کا مدار لوگوں کی سخاوت پر موقوف کر دیا اور خود کسب معاش سے بے فکر بن گئے۔ ان کے لئے صحیح طریق عمل یہ تھا کہ خود کسب معاش کرتے اور اس کے ساتھ ہی خدمت خلق اللہ اور درس علوم دینیہ کا کام بھی سرانجام دیتے تو یہ کچھ مشکل بھی نہیں۔ چنانچہ زمانہ ماضی میں بڑے بڑے جلیل القدر علماء۔ صحابہ کرام اور تابعین کا یہی طریق حیات تھا۔ انہوں نے بڑے بڑے عظیم الشان مسلمان بادشاہوں کی ملازمتیں اختیار کیں اور ساتھ درس و تدریس اور تعلم و تعلیم کا کام بھی جاری رکھا۔ کیا امام مالک اپنے

تھے اور کیا امام [illegible] نے اپنے [illegible] کی بجاآوری کے ساتھ ساتھ ضروریات [illegible] منزل میں [illegible] اور وہ اسی پر قانع و صابر رہ کر ترک خدمت خلق اللہ سے بہر حال مجتنب رہے [illegible] موجب ہوگی [illegible] ہم جب کو علم [illegible] علی اللہ فهو حسبه ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا۔ غرض [illegible] قصوری نے پوری پوری کاوش اور محنت شاقہ کے بعد یہ جواب لکھا لیکن اگر کوئی دوسرے بزرگ اس مسئلہ کا کوئی بہتر حل پیدا کر سکیں تو اسی پر عمل اختیار کیا جانا چاہئے۔ ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطأنا۔

# احکام درود شریف

(از قلم مولوی محمد ابوالقاسم صاحب سیف بنارسی)

اخبار اہلحدیث ۳۰ جون [illegible] میں فاضل ابوالبیان خانپوری کا جو مفید مضمون درود شریف سے متعلق شائع ہوا ہے۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے۔ مضمون مذکور پر فاضل اڈیٹر نے اپنے نوٹ میں اسم گرامی کے بولنے والے یا لکھنے والے کی بابت نص کا جو مطالبہ فرمایا ہے ذیل میں ملاحظہ فرمایئے۔

اسم گرامی بولنے یا لکھنے والے کی بابت (۱) نسائی میں بسند حسن مرفوعا آیا ہے۔ ما من عبد مؤمن یذکرنی فیصلی علی الا کتب اللہ له عشر حسنات ومحا عنه عشر سیئات ورفع له عشر درجات (القول البدیع للسخاوی ص [illegible]) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ مومن میرا نام لے یعنی مجھ پر درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھتا اور دس برائیاں مٹاتا اور دس درجے بلند کرتا ہے۔

علیہ وسلم کل کلام لا یذکر اللہ فیه فیبدأ به وبالصلوۃ علی فهو اقطع ممحوق من کل برکة (کتاب مذکور ص ۱۸۵ و جلاء الافہام لابن قیم ص ۲۴۶) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تحریر میں مجھ پر درود لکھے جب تک میرا نام اس تحریر میں رہیگا فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہیں گے۔

(۲) وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان یوم القیامة یجیء اصحاب الحدیث ومعهم المحابر فیقول اللہ لهم انتم اصحاب الحدیث طالما کنتم تکتبون الصلوۃ علی نبیی صلی اللہ علیہ وسلم انطلقوا الی الجنة اخرجه الطبرانی (القول البدیع للسخاوی ص [illegible]) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن محدثین کی جماعت دواتیں لئے ہوئے [illegible]

[illegible] جنت [illegible] کیا ان [illegible]

جواب شکایات | ناشر [illegible] تصنیف

جمع القرآن والحدیث بیان فرمایا ظلم کیا ہے کہ اس میں [illegible] ہے۔ شکایت [illegible] تصور بھی نہیں ہے بلکہ [illegible] لاہور کا لکھا ہوا تصنیف [illegible] ہے۔ میرے اصل مسودہ میں جو [illegible] (صلی اللہ علیہ وسلم)

[illegible] اور [illegible] ہے [illegible] یہ بحث [illegible] کی [illegible] تھے

[illegible] حافظ ابن حجر کی کتاب [illegible] حافظ سخاوی کی کتاب [illegible] کے بیان میں [illegible] ہیں۔

(محمد ابوالقاسم عفی عنہ)

# درد دل

